جاتے تو حافظ صاحب کے تمام دوست مولانا صاحب سے ملتے اوران کی دل چسپ گفتگوسن کر لطف اندوز ہوتے تھے۔ حافظ لقمان صاحب کواللہ تعالیٰ نے بہت سی خوبیوں سے بہرہ مند کیا تھا ان کے انہی اوصاف و کمالات کے باعث اپنے پرائے سب ان کا احترام کرتے اور انہیں قدر کی نگاہ سے دیکھتے تھے۔ میں 14 اگست 2002 کومرحوم کے والد گرامی مولانا عبداللہ صاحب کی خدمت عالیہ میں تعزیت کیلئے بورے والہ حاضر ہوا وہ دیر تک حافظ صاحب کا تذکرہ کرکے ان کے حالات بیان کرتے رہے۔ فرمانے لگے اگر کوئی مجھ سے پوچھتا کہ باباتم نے اپنی اولاد کوکیا پڑھایا تو میں کہتا حافظ لقمان کو میں نے دین پڑھایا اور ڈاکٹر سلمان اظہر کو دنیوی تعلیم دلوائی، پھر فرمانے لگے حافظ لقمان میری پہچان تھا۔ واقعی حافظ لقمان مولانا عبداللہ صاحب کی پہچان تھا او رمسلک اہلحدیث کی شان تھا۔

حافظ لقمان سلفی صاحب ایک عرصے سے مختلف عوارض میں مبتلا تھے۔شوگر، بلڈ پریشر، اور دل کی تکلیف بنیادی امراض تھیں۔ اور یہی بیماریاں بالآخر ان کی موت کا سبب بنیں۔ 10 جون 2002 بروز پیر رات بارہ بجے نشتر ہسپتال ملتان میں توحیدوسنت کا داعی حافظ لقمان سلفی اس دنیائے فانی سے کوچ کر گیا۔ اناللہ وانا الیہ راجعون۔مرحوم نے اپنے پیچھے بیوہ، چار بیٹے، دو بیٹیاں اور بوڑھا والد، بہن بھائی اور سینکڑوں دوست احباب سوگوار چھوڑے۔ دعا ہے اللہ تعالیٰ مرحوم کو جنت الفردوس میں بلند مقام عطا فرمائے۔

☆☆☆☆☆☆☆☆☆

☆☆☆☆☆☆☆☆☆

جامعہ سلفیہ کے طلبہ کی میٹرک کے امتحان میں شاندار کامیابی

جامعہ سلفیہ فیصل آباد جہاں دینی تعلیم کیلئے کوشاں ہے وہاں طلبہ کیلئے عصری علوم کے حصول کیلئے بھی مواقع مہیا کرتا ہے تاکہ معاشرے میں ہرقسم کے چیلنجوں کا مقابلہ کرسکیں۔اس مقصد کیلئے جامعہ کے طلبہ کی ایک کثیر تعداد ہرسال میٹرک، ایف۔اے، بی۔اے، اور ایم۔اے کے امتحانات میں شامل ہوتی ہے۔امسال میٹرک کے امتحان میں 25 طلبہ شریک ہوئے جنہوں نے بہت اچھے نمبروں سے امتحان پاس کیا۔طلبہ کی تعداد اور نمبروں کی تفصیل حسب ذیل ہے۔

رولنمبرز	نام	حاصل کردہ نمبرز
154377	محمد امین	477
154378	نذیر احمد	484
154379	عبدالرؤف	528
154380	محمد نوید	592
154381	منصور احمد	578
154382	بشارت اللہ	419
154385	محمد شعیب	555
154386	سہیل انور	578
154387	محمد امین سلفی	510
154388	محمد قیصر زکی	558
154389	محمد کاشف	449
154390	محمد عامر خان	497
151841	محمد احمد	657
88066	محمد غضنفر	668
459031	محمد عمر فاروق	529
133555	محمد ارشاد	517
87348	محمد جمیل	440
87349	عبدالسلام	(Eng)408
	محمد اکرام	436
156864	عاصم جاوید	572
179728	نوید احمد	514
88544	محمد شاہد	571
	مقبول احمد	Eng/Sce

نوٹ نویں کلاس کے طلباء اس کے علاوہ ہیں جن کی تعداد 27 کے قریب ہے۔